اپنے ننھے بچے کو رجسٹر کرنا نہ بھولیں!

رجسٹریشن آن لائن اور مفت ہوتی ہے!





اپنے ننھے بچے کو یہاں رجسٹر کریں

www.cbs.sa.gov.au/births-deaths-marriages

یہ بہت اہم ہے!

یہ کام آپ کے لیے ہسپتال نہیں کرتا۔

آپ پیدائش کے بعد 60 دن کے اندر اندر اپنے بچے کو رجسٹر کرنے کے پابند ہیں۔ اگر آپ اپنے بچے کو رجسٹر نہ کریں تو شاید آپ بعض Centrelink وظائف کی درخواست نہ دے سکیں۔ نیز بچے کی پیدائش رجسٹر نہ ہونے کی صورت میں آپ کو بچے کا سرٹیفکیٹ پیدائش بھی نہیں مل سکے گا۔



Government of South Australia
Attorney-General's Department



بچے کو آن لائن رجسٹر کرنے کا طریقہ

1

یہ یقینی بنائیں کہ ماں اور باپ دونوں کے پاس موبائل فون ہو جس پر وہ SMS میسیج وصول کر سکتے ہوں۔

اگر ماں اور باپ دونوں کے پاس موبائل فون نہیں ہے تو پھر بھی آپ اپنے بچے کو آن لائن رجسٹر کر سکتے ہیں۔ رجسٹریشن کے آخر میں آپ کو ایک پی ڈی ایف دستاویز ای میل کی جائے گی جسے پرنٹ کر کے ماں اور باپ دونوں اس پر دستخط کریں گے۔

2

ماں اور باپ دونوں کی شناختی دستاویزات تیار کریں

آن لائن درخواست شروع کرنے سے پہلے آپ کو ماں اور باپ دونوں کے آسٹریلین پاسپورٹ، آسٹریلین ڈرائیونگ لائسنس یا Centrelink اور Medicare کارڈ کے سکین یا فوٹوز بنا لینی چاہیئں۔

اگر آپ کے پاس مطلوبہ شناختی دستاویزات نہ ہوں تو پھر بھی آپ اپنے بچے کو آن لائن رجسٹر کر سکتے ہیں۔ آپ کو ایک پی ڈی ایف دستاویز ای میل کی جائے گی جسے پرنٹ کر کے ماں اور باپ دونوں اس پر دستخط کریں گے۔

3

یہ یقینی بنائیں کہ آپ نے مل کر بچے کا نام طے کر لیا ہے

یہ اہم ہے کہ آپ مل کر اپنے بچے کا نام طے کر چکے ہوں۔ اگر آپ بچے کو رجسٹر کرنے کے بعد نام بدلنا چاہیں گے تو اس وجہ سے تاخیر ہو سکتی ہے۔

4

یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس بچے اور والدین کی تفصیلات ہیں

کچھ تفصیلات یعنی پیدائش کے وقت بچے کا وزن، ڈاکٹر/مڈوائف کی تفصیلات، آپ کو ہسپتال سے ملنے والی بلیو بک میں مل جائیں گی۔

5

پیدائش رجسٹر کرنے کے لیے www.cbs.sa.gov.au/births-deaths-marriages پر جائیں

آپ کو پورا آن لائن فارم ایک ہی وقت میں مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ آن لائن فارم شروع کرنے پر آپ کو ایک ریفرنس نمبر ملے گا۔ آپ 48 گھنٹوں تک یہ ریفرنس نمبر استعمال کر کے فارم کو پھر وہیں سے شروع کر سکتے ہیں جہاں آپ نے چھوڑا تھا۔

اگر آپ کے پاس انٹرنیٹ نہیں ہے تو 882 131 پر فون کریں اور ہم آپ کو کاغذ کا فارم بھیج دیں گے۔

6

سرٹیفکیٹ پیدائش آرڈر کریں

آپ اپنے بچے کی آن لائن رجسٹریشن کے ساتھ ہی سرٹیفکیٹ پیدائش آرڈر کرنے کا بھی انتخاب کر سکتے ہیں۔ آپ کے لیے ابھی سرٹیفکیٹ پیدائش آرڈر کرنا ضروری نہیں ہے اور آپ چاہیں تو بعد میں یہ آرڈر کر سکتے ہیں۔ سرٹیفکیٹ پیدائش آرڈر کرنے کے لیے آپ کے پاس ویزا یا ماسٹرکارڈ ہونا ضروری ہے۔

7

SMS پیغام کا جواب دیں

ماں اور باپ دونوں کو ایک SMS میسیج بھیجا جائے گا۔ ماں اور باپ دونوں کو SMS میسیج کا جواب دے کر تصدیق کرنی ہو گی کہ وہ بچے کے ماں باپ ہیں اور اس کے بعد ہی بچے کو رجسٹر کیا جائے گا اور آپ کو سرٹیفکیٹ پیدائش مل سکے گا۔

Government of South Australia
Attorney-General's Department